Talking about the financial side, the PIA chief said that since the separation of East Pakistan and until June 30, the Corporation was undergoing an average loss of Rs. 98 lakh per month. On this basis the PIA should have suffered a projected total loss of Rs. 11.76 crore for the year 1972-73. "We, however, anticipate a profit of Rs. 3.11 crore for 1972-73," he declared.

According to his calculation the Corporation will have a total profit of Rs. 9 crore, i.e. Rs. 6 crore more on account of devaluation of the rupee.

Mr. Saigol said the revenue from scheduled services is expected to increase from Rs. 37.37 crore in 1971-72 to Rs. 57.62 crore in 1972-73, an increase of about 57 per cent. As regards revenue from non-scheduled services such as Haj service and charters to friendly countries, the Corporation earned Rs. 1.95 crore in 1971-72 while the projected earnings from these services were expected to be in the range of Rs. 3.65 crore during 1972-73.

Referring to what he described as PIA's enlightened policy in labour-management relationship, Mr. Saigol said he had signed an agreement with collective bargaining agent last week under which more benefits including increase in house rent from twelve and half per cent to 20 per cent had been granted to employees, particularly to low-grade employees.

Replying to a question about the appointment of Mr. Zia Mohyuddin as Director, PIA Arts Academy, Mr. Saigol said he was selected by a committee appointed by Mr. Abdul Hafeez Pirzada which included Mr. Faiz Ahmad Faiz, a Director of the Foreign Office (Mr. Sattar), Mr. Aslam Azhar and himself.

No ban-limit yet by FIH

BRUSSELS, Sept. 30: The International Hockey Federation (IHF) announced yesterday that there had been no decision as yet on the duration of Pakistan's ban from international competition, says Reuter.

The Secretary of the Federation, said telegrams had been sent to all members of the Federation advising them that reports of a four-year ban were incorrect.

He said that a decision on the length of the ban would be taken at the Federation's Council meeting on March 7 next year.

He detailed the terms of the ban saying that as long as the Pakistan Hockey Federation was suspended, none of its teams, including club sides were allowed to play any foreign team or take part any international

Tikka lays stone of new Quetta Staff College

QUETTA, Sept. 21: The Chief of Army Staff, Gen. Tikka Khan, laid the foundation stone of the new building of the Command and Staff College here today, according to a Press release of the Inter Services.

Speaking on the occasion, Gen. Tikka Khan recounted the age-old traditions of this premier military institution whose standard of instruction had been recognised the world over.

The college, he said, has produced some of the world's top military leaders who left their mark on military history.

Talks on constitution with other parties this month—Bhutto

PRESIDENT ZULFIKAR ALI BHUTTO CONFIRMED ON SATURDAY THAT HE HAD DISCUSSED INFORMALLY WITH THE BALUCHISTAN GOVERNOR, MR. BIZENJO, THE QUESTION OF HAVING TALKS WITH THE LEADERS OF OTHER PARTIESFOR RESOLVING THE CONSTITUTIONAL ISSUES. THE TALKS, HE INDICATED, WOULD TAKE PLACE WITHIN THIS MONTH.

The President, who was talking to newsmen at the Lahore airport before leaving for Risalpur, said that he was anxious to have "constitutional arrangements as soon as possible." That was one of the reasons, he added, that he did not want Mr. Kasuri to leave. Talks with the leaders of other Parties was to expedite constitutional arrangements.

"During the month of Ramazan when all of you will be fasting, and all of us will be fasting, we can sit down and work out the question of autonomy." This is what the President had told Mr. Bizenjo.

Asked if after the acceptance of the resignation of the Law Minister the Constitution Committee would be able to meet on Monday, he said that he would like the Committee to meet as soon as possible and keep that date (October 9). But with the Law Minister quitting, a few days delay might take place. The delay had been caused unnecessarily and could be avoided, he added.

The President did not agree with a correspondent that there would be reshuffle because of the resignation of Mr. Kasuri. He said that he did not like to make reshuffles. Changes and reshuffles in Cabinets were not a good thing for stability and democracy. "You don't build a team spirit if you reshuffle," he said.

Mr. Bhutto added that he had not brought his Ministers to see them leave. He wanted identity of views and harmonious thinking to develop. That could not develop unless one had people working with him for over a period of years, he added.

"I am not inclined to see that cabinets are changed and reshufflings take place. But if any one wants to leave, he is free to leave. It is a free country. You can't compel people to stay. But I don't think every one wants to leave."

Opposition parties for Centre with only 5 subjects

Sardar Shaukat Hayat Khan revealed in Lahore on Saturday that Opposition parties in the National Assembly had agreed that the Centre should control only five subjects—defence, foreign affairs, including foreign trade, communications and intra-provincial commerce and currency, and taxation for these subjects.

Family Laws repeal resolution rejected

ISLAMABAD, Sept. 21: The National Assembly today rejected the non-official resolution demanding repeal of the Family Laws by a massive voice vote. Earlier, an attempt to keep it alive by referring it to the Islamic Advisory Council and the Bar Associations for eliciting their opinion through an amendment was also defeated.

KANUPP goes into full production

OCTOBER 5: The Karachi Nuclear Power Plant, which had been under trial run for some time, today went into full production—thus feeding 125,000 kw into the main Karachi grid.

Convention, Council Leagues merge

The merger of Council and Convention Muslim Leagues was announced in Lahore on Saturday and an Organising Committee was set up to supervise the unification at various tiers and to hold elections to the Central Council and its subsidiaries.

Passport — N.O.C. Troubles???

In case of any complaints for passport or no objection certificate contact the following:
Government of Pakistan,
National Affairs, Overseas Pakistanis and Prisons Division,
Bungalow No.177,
Embassy Road, Street No.88,
Sector-G-6/3, ISLAMABAD.

Pakistan Symposium

Pakistan Students Association is organizing a symposium on Pakistan at the International Students Center, Univ. of Toronto, on Sunday, October 22 at 3 p.m. Speakers will be: Anita Ghulam Ali, Kamal Faruqui and Mr.Khar.

Make it a point to attend.

ادب

ہمارے شاعر:-

خواجہ میر درد

درد اُردو ادب میں صوفی شاعر کے نام سے یاد کئے جاتے ہیں ۔ وہ اردو کے غالباً پہلے شاعر ہیں جنھوں نے اردو غزل کی بنیاد عشق حقیقی پر رکھی اور یہی انکی تمام غزلوں کا موضوع ہے ۔ لیکن جہاں کہیں عشق مجازی بیان کرتے ہیں تو بھی عشق کا نہایت بلند معیار پیش نظر رکھتے ہیں ۔

غزلوں کے علاوہ میر درد کی رباعیاں بھی اُردو شاعری میں خاص مرتبہ رکھتی ہیں ۔ انھوں نے اپنی رباعیوں میں صوفیانہ ۔ عاشقانہ اور اخلاقی مضامین نہایت خوش انداز میں بیان کئے ہیں ۔

شیرینی اور فصاحت درد کی زبان کے خاص جوہر ہیں ۔ انکا کلام نامانوس ترکیبوں ۔ ثقیل الفاظ اور دوسرے عیوب سے پاک ہے ۔ انھوں نے عموماً چھوٹی بحروں میں چھوٹی غزلیں لکھی ہیں ۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو ۔

جگ میں آکر اِدھر اُدھر دیکھا
تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا ۔

تردامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کیلئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں ۔

یہی پیغام درد کا کہنا
گر صبا کوئے یار میں گذرے ۔
کون سی رات آن ملیے گا
دن بہت انتظار میں گذرے

بزمِ خواتین



ویک اینڈ ۔

پروین بانو چوھدری

ویک اینڈ کی دھوم تو ہر جگہ ہی ہے ۔ بڑی امیدیں وابستہ رہتی ہیں اسکے دم سے ۔ کہیں لوگ ایکدن چھٹی مناکر خوش ہو لیتے ہیں ۔ اور کہیں دو دن کی چھٹی بھی راس نہیں آتی ۔ پاکستان میں تو صرف ایک ہی دن ملتا تھا ویک اینڈ منانے کیلئے ۔ جب ہم وہاں تھے تو سوچا کرتے تھے کہ دو دن کی چھٹی تو ذرا زیادہ ہی ہے ۔ مغربی ممالک میں لوگ جانے سو کر ہی وقت گزارتے ہونگے ۔ لیکن یہاں پہنچ کر حقیقت معلوم ہوگئی ۔

جمعہ کا دن آیا اور صبح ہی سے دل کھلکھلا سا رہتا ہے ۔ کام پر جاتے وقت ہی شام کے خیال سے ہمت بندھ جاتی ہے ۔ شام ہوتے ہوتے چہروں پر اطمینان گہرا ہوگیا اور ہر طرف ویک اینڈ کا موڈ نظر آنے لگا ۔

عام طور سے تو پروگرام کچھ یوں ہی بندھا ہوا ہوتا ہے ۔ کہ جمعہ کی شام کو خریداری سودا سلف (یہاں کی زبان میں GROCERY ۔ گروسری کرنا کہتے ہیں ۔) اور کچھ گھر کی صفائی ۔ یعنی جیب کی صفائی کیساتھ ساتھ گھر کی صفائی بھی ضروری ہے ۔ اب آیا ہفتہ اتوار ۔ تو راتیں کلب کی نذر ہوگئیں اور دن کسی ساحل کے کنارے ۔ آرام کرتے گذرا غرضیکہ کچھ ہنگامے کچھ تفریح اور چھٹی ختم ۔ یہ تو ہوا ایک عام نمونہ ۔ اب دیکھئے کہ جنوب میں مشرق پر کیا گذر رہی ہے ؟ یہ وہ گھرانہ ہے جہاں میاں بیوی دونوں ملازمت کرتے ہیں ۔ کام تو سب ہی کرتے ہیں مگر انکے ہاں مشرقی رکھ رکھاؤ ہے اور بیوی پر ذرا محنت ہی گزر رہی ہے چنانچہ یہ صاحبہ پورا ہفتہ آٹھ گھنٹے دفتر کی ڈیوٹی بڑی مستعدی سے دیتی ہیں دو دن آرام کیلئے جو ملتے ہیں ۔ تو سارا گھر ایک مسئلہ بنکر سامنے آجاتا ہے ۔

آئیے ذرا ہم بھی اس ویک اینڈ کی ایک جھلک دیکھیں ۔

جمعہ کو دفتر سے واپس آکر میاں صاحب کے ساتھ بازار کا رخ کیا تو تین چار گھنٹے کا پھیر ہوگیا ۔ گھر کی صفائی اگلے دن مقرر ہوئی ۔ تھکی ہوئی تھیں سوتے سو گئے اٹھے تو دس بج چکے تھے ۔ ناشتہ سے فراغت کیا تھا ہی میاں نے فرمائش کی ۔ "ڈارلنگ ! آج اگر دوپہر کے کھانے کے ساتھ شامی کباب بنادو تو واللہ ویک اینڈ کا لطف آجائے" ۔

تازہ دم بیوی نے بخوشی منظور کرلیا ۔ مگر صفائی بڑی صبر آزما ثابت ہوئی ہے ۔ بیڈروم میں ہر طرف کپڑے ہی کپڑے بکھرے پڑے ہیں میاں کی مہربانی ہے کہ پورا کمرہ ہی میلے کپڑوں کی الماری بنا ہوا ہے

جلدی جلدی سب سمیٹا اور ڈرائنگ روم کا رخ کیا تو لیمپ ریکارڈز کی ایک دکان سجی ہوئی نظر آئی ۔ اخبار کا ایک صفحہ اگر صوفہ پر ہے تو دوسرا اسکے نیچے اور تیسرا دور کہیں کونے میں پڑا ہے ۔ باقی ہفتہ کے اخباروں کا ڈھیر ایک طرف بڑے قرینے سے لگا ہوا ہے ۔ تمام ایش ٹرے سگریٹ کے ٹکڑوں سے بھری پڑی ہیں ۔ کتابیں بجائے شیلف کے ادھر ادھر بکھری ہوئیں اسکا منہ چڑا رہی ہیں ۔

یہ چیزیں جگہ سے بے جگہ کیوں رکھی جاتی ہیں ! کتنی کٹھن ہے یہ زندگی اسنے دکھ سے سوچا ۔ وہ ابھی سوچ میں تھی ۔ کہ برابر کے بیڈروم سے شوہر نے پکارا "ارے تم ابھی تک صفائی کر رہی ہو ۔ ہم تو شامی کبابوں کے انتظار میں ہیں" بیوی کے صبر کی شاید انتہا ہو چکی تھی ۔ تلملا کر بولی ۔ آپ تو اپنی شیو ہی کر رہے ہیں ۔ تو کیا غسلخانے ہی میں کبابوں کا انتظار ہو رہا ہے ۔ اتنا بھی خیال نہیں کہ پہلے بنا بنایا کرتو سنبھال لے پھر فرمائش ہو" ۔

میاں کچھ غصہ سے کچھ خجالت سے خاموش ہی ہو گئے ۔ اور یہ بیوقوف ہو گئی ۔ کھانے کے کمرے سے لیکر کچن تک صفائی کرکے جو وقت دیکھا تو دو بج رہے تھے ۔ جلدی جلدی کھانا تیار کیا ۔ کھانے میں شامی کباب دیکھکر میاں کا موڈ ٹھیک ہوگیا اور تعریف بھی کردی کہ بہت لذیذ ہیں ۔ چلئے تھکان کچھ کم ہوگئی ۔ اب لانڈری کا نمبر تھا کہ شوہر نے یاد دلایا ۔ "ارے یاد ہے کل ہمارے دوست انکی بیوی اور بچے آرہے ہیں دوپہر کے کھانے پر آئیں گے ۔ یہ تو تمہیں پتہ ہے کہ کیا کیا پکانا ہے ذرا پُرتکلف کھانا ہونا چاہیئے" ۔ "اوہ میں تو بھول ہی گئی تھی" یہ کہکر وہ اس سوچ میں پڑگئی کہ کل کیا کیا پکایا جائے ۔ نہ جانے کب نیند نے سب سوچوں سے بے خبر کردیا ۔ صبح الارم نے چونکا دیا ۔ کام کرتے کرتے دوپہر ہوگئی ۔ ایک نظر اپنے کپڑوں پر ڈالی اور ہلکا سا میک اپ کرکے تھکان کے آثار مٹانے کی کوشش کرتی ہوئی مہمانوں کی منتظر ہوگئی ۔

مہمان بھی آگئے ۔ تھوڑی سی علیک سلیک کے بعد میزبانی میں لگ گئی ۔ شام تک مہمان رخصت ہوئے ۔ ویک اینڈ کا کچھ حصہ ابھی باقی تھا ۔ اطمینان کا سانس نہ لینے پائی تھی کہ نظر برتنوں کے ڈھیر پر پڑی ۔ گھبرا کر ڈرائنگ روم کا رخ کیا تو بچوں کی وہ نشانیاں نظر آئیں جو وہ چھوڑ گئے تھے ۔ قالین پر جائے کا داغ اور کہیں کوک کا دھبہ ۔ سجاوٹ کی چیزیں ادھر ادھر بکھری پڑی تھیں ۔ بے بسی سے آنسو ہی نکل پڑے ۔ نہ جانے یہ آنسو کل ڈیوٹی پر جانے کے تھے کہ ویک اینڈ کے گزر جانے پر !

نمک پارے

محمد اقبال یوسف

باپ نے بیٹے سے کہا: "تمہارے ٹیچر نے تمہاری رپورٹ میں لکھا ہے کہ تم بہت بکتے لڑکے ہو"
بیٹے نے جواب دیا: "آج کل کھاتی دور ہے ہر شخص کو اظہار رائے کی آزادی ہے"

ایک صاحب کی چار بیویاں تھیں ۔ ایک دن جب یہ صاحب گھر آئے تو چاروں بیویوں میں بڑے زور و شور سے تُو تُو میں میں ہو رہی تھی ۔ چاروں ایک دوسرے کو ہاتھ نچا نچا کر گالیاں دے رہی تھیں ۔ ان کو بہت غصہ آیا ۔ آخر کب تک یہ دانتا کل کل ہوتی رہے گی ۔ ان میں سے ایک کو پکڑا جو سب سے زیادہ زور دار گالیاں دے رہی تھی ۔
"یہ سارا فساد تیرا معلوم ہوتا ہے ۔ لعنت ہو تجھ پر جا تجھے طلاق ہے" ۔
دوسری نے اس کی حمایت کرتے ہوئے کہا: "یہ کیا بات بات میں طلاق ؟ اس کے بغیر بھی کام چل سکتا ہے"
کہنے لگے: "جا تجھے بھی طلاق" ۔
تیسری نے احتجاج کیا "تیرا ستیاناس ہو ۔ ان عورتوں نے کتنی تیری خدمتیں کیں ۔ دن کو دن اور رات کو رات نہیں سمجھا اور ذرا سی بات میں طلاق" ۔
کہنے لگے ۔ "جا تجھے بھی طلاق" ۔
چوتھی آپے سے باہر ہو گئی: "ستیاناس ۔ کمینے پھٹکار تیری صورت پر ۔ کیا طلاق کی توپ ہے بغیر ان کا کوئی قصور طلاق نہیں تھا" ۔
فرمایا: "جا تجھے بھی طلاق" ۔
پڑوسن کھڑکی سے یہ سارا تماشہ دیکھ رہی تھی کہنے لگی ۔
"خدا کی قسم میں نے ایسا حرام زادہ کمینہ انسان اس سرزمین پر کہیں نہیں دیکھا جو باہر سے جوتے کھا کر آتے اور گھر آکر اپنی چاروں بیویوں کو طلاق دے" ۔
فرمایا: "جا تجھے بھی طلاق ۔ بشرطیکہ تیرے شوہر کی اجازت ہو" ۔
"میری اجازت ہے ۔ میری اجازت ہے" ۔ پڑوسی کی آواز آئی ۔

ایک نوجوان آرٹسٹ سے دوست نے کہا: "میں نے خواب میں دیکھا کہ اس نے سبز رنگ کا دوپٹہ اوڑھ رکھا ہے جس پر سنہری تارے ٹکے ہیں اور وہ میرا انتظار کر رہی ہے اور اس کے لال ہونٹوں پر مسکراہٹ ہے اور وہ مجھے رنگ برنگے پھولوں کا حسین گلدستہ پیش کر رہی ہے ۔ بتاؤ تو یہ خواب کیسا ہے ؟"
ٹیکنی کلر ۔ دوست نے بے ساختہ جواب دیا

آقا نے اپنے نوکر سے کہا: "تم کس قدر غلیظ آدمی ہو ۔ تمہارے جسم سے بو آتی ہے کیا تم نہایا نہیں کرتے" ۔
نوکر نے دست بستہ عرض کی: "جناب اس سے پہلے میں ایک ڈاکٹر کے ہاں ملازم تھا وہ کہا کرتے تھے کہ پیٹ بھر کر کھانے کے تین گھنٹے بعد نہانا چاہیئے ۔ لیکن جب سے میں حضور کے پاس آیا ہوں کبھی پیٹ بھر کر کھانا نصیب نہیں ہوا ۔ حضور خود خیال فرمائیں ۔ نہاؤں تو کس طرح" ۔

دو خواتین اپنی نوجوان اولاد کی نیند پر تبصرہ کر رہی تھیں ۔
ایک نے کہا: "میں نے تو اپنے لڑکے کو علی الصبح جگانے کے لئے ایک طریقہ اختیار کیا ہے ۔ صبح اٹھتے ہی سب سے پہلے اس کے کمرے میں کتا چھوڑ دیتی ہوں" ۔
دوسری بولی: "بھلا اس طریقے سے وہ کیونکر جاگتا ہوگا ۔ ؟"
پہلی نے جواب دیا: "کیسے نہیں جاگے گا ۔ اس کے بستر پر بلی بھی سوتی ہے" ۔

مجھے حنوط کرو

احمد ندیم قاسمی

کہ میں وہ جبر تھا جس کا کوئی جواب نہ تھا
وہ ظلم، جس کی کوئی حد نہ تھی حساب نہ تھا
میں وہ چھری تھا جو ایمان تک اتر جائے
جو صرف جان نہیں آن تک اتر جائے
میں اپنے تو سنِ وحشت کو جب بڑھاتا تھا
وہ گرد اڑتی تھی ، ہر حسن ڈوب جاتا تھا
لہو لہو تھے اگر لب مرے ذخیروں کے
ضمیر میں نے چبائے تھے باضمیروں کے
کہ میں خود اپنے تقاضوں میں پس کے خاک ہوا
کہ میرا دامنِ زریں مجھی سے چاک ہوا

مجھے حنوط کرو

کہ میرا جسم عجائب گھروں کے کام آئے
دماغ چیخ اٹھیں جب بھی میرا نام آئے

يا ايها الذين آمنوا كتب عليكم الصيام
كما كتب على الذين من قبلكم (بقرہ پارہ ۲)

اے ایمان والو تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں جیسا کہ
تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے

نزول برکات کا مہینہ رمضان المبارک

رمضان المبارک اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور برکتوں کے نزول کا مہینہ ہے۔ قرآن حکیم میں ارشاد ہوتا ہے (ترجمہ) رمضان کا مہینہ وہ مہینہ ہے جس میں قرآن اتارا گیا جو ساری دنیا کے لیے سرچشمہ ہدایت ہے اور جس میں ہدایت کی واضح راہیں اور حق و باطل میں امتیاز کا سامان موجود ہے۔ تم میں سے جو کوئی اس مہینے کو پائے اسے چاہیے کہ روزے رکھے۔ حضرت ابو مسعود غفاریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر لوگوں کو ماہ رمضان کی ساری فضیلتوں اور برکتوں کا پتہ چل جاتا تو وہ آرزو کیا کرتے کہ سارا سال ہی ماہ رمضان رہتا۔ حضرت عمر فاروقؓ فرمایا کرتے تھے "تمہیں مبارک ہو ایک ایسے مہینے کی کہ جس میں نیکیاں ہی نیکیاں ہیں۔ اس کے دن روزے ہیں اور اس کی راتیں قیام و تراویح ہیں اور اس مہینے میں خرچ کرنا گویا خدا کی راہ میں خرچ کرنا ہے۔" حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے رمضان کا روزہ ثواب کے لیے رکھا اس کے اگلے گناہ بخش دیے جائیں گے اور جس نے رمضان میں قیام کیا ایمان کے ساتھ اور ثواب کے لیے تو اس کے پچھلے گناہ بخش دیے جائیں گے اور جس شخص نے شب قدر میں عبادت کے لیے قیام کیا اس کے بھی پچھلے گناہ بخش دیے جائیں گے۔

رمضان کیا ہے؟ حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رمضان کا نام رمضان اس سبب سے رکھا گیا کہ اس میں گناہ جل جاتے ہیں۔ عربی زبان کے ایک ماہر خلیل عروضی کے مطابق رمضان کا مادہ رمض سے ماخوذ ہے اور رمض ایک ایسی بارش کا نام ہے جو موسم خریف میں برستی ہے۔ پس اس مہینے کا نام رمضان اس سبب سے ہوا کہ وہ انسانوں کے جسموں کو گناہوں سے دھو دیتا ہے۔

رمضان المبارک کی سب سے زیادہ اہمیت تو یہی ہے کہ اس مبارک مہینے میں قرآن حکیم اتارا گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت بھی اسی مہینے میں ہوئی۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کی وفات بھی رمضان ہی کے مہینے میں ہوئی تھی۔ غزوہ بدر جو اسلامی تاریخ میں خاص اہمیت رکھتا ہے اسی مہینے میں ہوا تھا۔ فتح مکہ کا عظیم الشان واقعہ بھی اسی مہینے میں پیش آیا تھا۔ خلیفہ چہارم حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت کا واقعہ بھی اسی مہینے میں پیش آیا تھا۔

سحر: سحر یا سحری کے معنی رات کے آخری حصہ کی غذا اور طعام کے ہیں۔ ایک لغت کے مطابق سحر صبح صادق ہونے سے کچھ دیر پہلے کے وقت کا نام ہے۔ ایک دوسری لغت کے مطابق سحر رات کے آخری چھٹے حصے کا نام ہے۔ حضرت زید بن ثابتؓ سے روایت ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سحری کھائی، پھر ہم نماز کے لیے کھڑے ہو گئے۔ انہوں نے مزید فرمایا کہ سحری اور نماز کے درمیان اتنا وقفہ تھا جس میں پچاس درمیانہ درجے کی آیتیں درمیانہ رفتار سے پڑھی جا سکیں۔ سحری کا کھانا سنت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ سحری کھایا کرو کیونکہ اس میں بڑی برکت ہے۔ حضرت عمرو بن عاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ ہمارے اور اہل کتاب کے درمیان سحری کے ذریعے امتیاز قائم ہے۔

افطار: فطر کے لغوی معنے پھٹ جانے کے ہیں اور فقہ کی اصطلاح میں افطار کے معنی روزہ کھولنے کے ہیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس طرح سحری میں تاخیر مناسب ہے، اسی طرح افطار میں جلدی کرنی چاہیے۔ افطار کھجور یا چھوارے سے کھولنا بہتر ہے ورنہ میٹھی چیز سے کھولا جائے اور اگر یہ بھی نہ ملے تو پانی سے افطار بہتر ہے۔

تراویح: یہ ترویحہ کی جمع ہے جس کے اور اس کے لغوی معنی آرام کرنے اور سستانے کے ہیں۔ چونکہ تراویح میں چار رکعت کے بعد کسی قدر آرام کیا جاتا ہے اس سے یہ نام رکھ دیا گیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود چند راتوں تک تراویح کی جماعت کرائی تھی لیکن بعد میں یہ سلسلہ ترک فرما دیا تھا کہ کہیں یہ فرض نہ ہو جائیں کیونکہ یہ نزول قرآن کا زمانہ تھا۔ تراویح کی باقاعدہ جماعت حضرت عمر فاروقؓ کے عہد مبارک میں ہوئی۔ حضرت عمرؓ نے حضرت ابی بن کعبؓ کو تراویح کی جماعت کے لیے منتخب کیا جو رسول اللہ کے چار قاریوں میں سے تھے۔ حضرت عثمانؓ اور حضرت علی المرتضیٰؓ کے زمانے میں بھی تراویح کے لیے قاری مقرر کیے گئے۔ تراویح میں قرآن کا ختم کرنا سنت ہے۔

اعتکاف: اعتکاف کے لغوی معنی رک جانے اور ہم کر کسی جگہ بیٹھ جانے کے ہیں۔ لیکن شریعت کی اصطلاح میں اس سے مراد کچھ دنوں کے لیے مسجد میں ٹھہرے رہنا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر ماہ رمضان کے آخری دس دنوں میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔ آخری رمضان میں خلاف معمول بیس دن اعتکاف فرمایا۔ عام مسلمانوں کے لیے اعتکاف کرنا سنت ہے۔ فرض عین یا واجب نہیں۔



روزہ کے چند مسائل

بیماری کی حالت میں اگر کوئی دیندار طبیب یا ڈاکٹر روزہ رکھنے سے منع کرے تو روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے۔ رمضان کے بعد بحالی صحت پر قضا لازم ہے۔

سفر کی حالت میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے۔ لیکن آج کل کے سفر میں اگر کوئی خاص تکلیف نہ ہو تو روزہ رکھنا چاہیے۔ اگر روزہ نہ رکھے تو اس پر قضا لازم ہے۔

اگر حاملہ عورت یا دودھ پلانے والی خاتون کو اپنی یا بچے کی جان کا خطرہ ہو تو روزہ نہ رکھے۔ لیکن یہ خطرہ دور ہو جانے پر قضا لازم ہے۔ عورتوں کو حیض و نفاس کے دنوں میں روزہ نہ رکھنے کی رخصت ہے مگر اس کی بھی قضا لازم ہے۔

بہت ضعیف بڑھاپے میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے۔

شدت کی بھوک یا پیاس میں جان کا خطرہ لاحق ہو جائے یا اچانک سخت بیماری کا حملہ ہو جائے تو روزہ توڑ دینا جائز ہے۔ تاہم اس کی قضا لازم ہے۔

بغیر عذر شرعی روزہ توڑ دینے سے قضا اور کفارہ دونوں لازم ہوں گے۔

غلطی سے کچھ کھا پی لینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ مولانا اشرف علی تھانوی کا فتویٰ ہے کہ انجکشن سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔

مرکزی دارالحکومت میں وطن دشمن سرگرمیوں میں حصہ لینے والے گروہ کا انکشاف

جاسوسی کے الزام میں دو غیر ملکی باشندے گرفتار کر لئے گئے

غیر ملکی حسینائیں بھی جاسوسی میں ملوث ہیں

(راولپنڈی)۔ راولپنڈی و اسلام آباد میں مقیم بعض غیر ملکی اور پاکستانی افراد کے خلاف ملک دشمن سرگرمیوں میں حصہ لینے اور پاکستان کے خلاف جاسوسی کرنے کے الزام میں تحقیقات شروع کر دی گئی ہے۔ یہ تحقیقات خفیہ پولیس کی ایک جماعت کر رہی ہے۔ پولیس نے ابتدائی تحقیقات کے بعد دو غیر ملکیوں کو جو راولپنڈی میں مقیم تھے گرفتار کر لیا ہے۔ باخبر ذرائع کے مطابق پاکستانی اور غیر ملکی افراد پر مشتمل یہ گروہ باقاعدہ طور پر ایک عرصے سے ملک دشمن سرگرمیوں میں مصروف عمل ہے اور ان میں پاکستان ...

... کا ایک کلب ہے جہاں اعلیٰ سول اور فوجی افسران آتے رہتے ہیں۔ یہ غیر ملکی لڑکیاں بیرونی ممالک کے لئے مبینہ طور پر جاسوسی کرتی ہیں۔ ان کے علاوہ اس گروہ کے غیر ملکی ارکان بھیسوں کا روپ دھار کر پاکستان آتے رہتے ہیں اور اپنے کارندوں سے خفیہ ملاقاتیں کرتے رہے ہیں۔

رسم جہلم میں سابق صدر کی شمولیت

... سابق صدر ایوب سیاہ پتلون اور سفید بوشرٹ پہنے ہوئے تھے ... مرف کچھ دیر کے لئے میجر غلام مصطفیٰ شاہین اور مولانا ... سے باتیں کرتے دیکھے گئے۔

ساہیوال میں اصغر خان کے جلسہ پر مسلح پیپلز گارڈ کا حملہ

تحریک استقلال کے سیکریٹری اور دوسرے رہنما زخمی ہو گئے

سامعین صدر پر نکتہ چینی سن کر بپھر گئے تھے۔ سرکاری پریس نوٹ

ساہیوال۔ (ر پ پ ا) آج تحریک استقلال کے سربراہ ریٹائرڈ ایئر مارشل اصغر خان کے جلسہ عام پر پیپلز گارڈ نے حملہ کر دیا جس میں تین افراد زخمی ہو گئے۔ تحریک استقلال کے سیکرٹری اطلاعات سید معین الدین شدید زخمی ہوئے ...

سندھ کا چاول بلوچستان کو برآمد کیا جائے گا

سیلز ٹیکس کی آمدنی صوبوں کو دینے کا مسئلہ قومی اسمبلی طے کرے گی

پشاور کا ایڈورڈ میڈیکل کالج مرکز کی تحویل میں لے لیا گیا

کراچی۔ (سٹاف رپورٹر) گورنروں کی رابطہ کمیٹی کا دو روزہ اجلاس آج یہاں ختم ہو گیا ...

میں شیخ مجیب الرحمان کے چھ نکات کا مصنف نہیں ہوں

اگرتلہ کیس میں شیخ مجیب کی رہائی کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہائیکورٹ میں الطاف گوہر کا بیان

کراچی۔ (ر پ پ ا) مسٹر الطاف گوہر نے سندھ بلوچستان ہائیکورٹ ...

فلم مصنف ریاض شاہد کا انتقال ہو گیا

نیلو، صدر مملکت، مسٹر بھٹو، مولانا کوثر نیازی کا پیغام تعزیت



... ریاض شاہد ... ہماری فلمی صنعت کے انتہائی مخلص، ذہین اور محنتی فنکار تھے۔

مسائل و افکار

کیا ہم خودکشی پر آمادہ ہیں؟

زیڈ اے سلہری

اقوام متحدہ میں ہمارے مستقل نمائندے مسٹر اقبال اخوند نے بنگلہ دیش کی رکنیت کی درخواست پر جنرل اسمبلی میں بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس کے ہمیشہ ہمیشہ داخلے کے خلاف نہیں ہے وہ صرف اس معاملے کو تب تک ملتوی کرنا چاہتا ہے جب تک کہ بنگلہ دیش اقوام متحدہ کی قراردادوں کے تحت عائد کردہ فرائض سے عہدہ برآ نہیں ہوتا یعنی ہمارے جنگی قیدیوں کی رہائی پر راضی نہیں ہوتا اور بہاریوں اور دوسری اقلیتوں کے جان و مال کی حفاظت کی ضمانت نہیں دیتا۔ یہ وہی پوزیشن ہے جو چین نے اختیار کی ہے۔ وہ بھی بنگلہ دیش کے وجود سے انکاری نہیں۔ صرف اقوام متحدہ کی قراردادوں کو بروئے کار لانے کا خواہاں ہے۔ دونوں کے انداز عمل میں جو قدر مشترک معلوم ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ اصولی طور پر وہ بنگلہ دیش کو ایک آزاد مملکت تسلیم کرتے ہیں۔ ان کی اس مملکت کے اقوام متحدہ میں داخلے کی مخالفت عارضی ہے، بالفاظ دیگر بنگلہ دیش کی رکنیت صرف ان فیصلوں کی پابندی سے مشروط ہے جو جنرل اسمبلی اور سلامتی کونسل نے کئے ہیں ورنہ ہم نے باقاعدہ طور پر بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ یہ اس نوع کا پہلا سرکاری بیان ہے۔

اب کیا حقیقتاً بنگلہ دیش کے بارے میں پاکستان اور چین کی پوزیشن ایک ہو سکتی ہے؟ مشرقی پاکستان ہمارے ملک کا جزو لاینفک ہے، اس کی علیحدگی ہندوستان کی جارحیت سے واقع ہوئی ہے، ہم اس کے متعلق وہ غیر جانبدارانہ رویہ اختیار نہیں کر سکتے جو چین کو زیب دیتا ہے۔ چین نے تائیوان کے بارے میں ایسا رویہ [illegible]

اور مجھے مطلق توقع نہیں کہ بنگلہ دیش اور ہندوستان جلدی میں اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل پیرا ہوں، تو تسلیم کرنے کا معاملہ تو کھٹائی میں پڑا رہے گا تو آپ کو شیخ مجیب الرحمٰن اور مسز اندرا گاندھی کی خوشنودی کیونکر حاصل ہوگی؟ [illegible]

[illegible]

مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ ذکر دوری پر دلالت کرتی ہے۔

کاش ہم پاکستان کے تحت رہتے، نام نہاد بنگلہ دیش کے قیام کے دس ماہ بعد ہی عام بنگالی پچھتانے لگے

سرکاری و غیر سرکاری دفاتر میں مجیب حکومت پر کھلم کھلا نکتہ چینی

نذر الاسلام جلیوا میں مجیب سے چار چار گھنٹے ٹیلیفون پر باتیں کرتے تھے

چاٹگام میں گودی کے ہڑتالی مزدوروں نے کشتیوں سے چاول اتارنے سے انکار کر دیا

ڈھاکہ۔ [illegible]

[illegible]

یہ شخصیتوں کا تصادم ہے

لندن [illegible] (رپورٹ) بی بی سی نے پاکستان کی سیاسی صورت حال پر ایک تبصرے میں کہا ہے کہ میاں محمود علی قصوری کے استعفے سے ملک کی تیزی سے بدلتی ہوئی صورت حال میں تبدیلی آئی ہے میاں محمود علی قصوری نے صدر بھٹو سے آئینی امور پر اختلافات کے باعث استعفیٰ دیا ہے مسٹر قصوری اس کمیٹی کے بھی چیئرمین تھے جو نیا آئین تیار کر رہی ہے صدر بھٹو صدارتی نظام کے حامی ہیں جبکہ مسٹر قصوری روایتی مقننہ کے حق میں ہیں۔

مسٹر قصوری کے استعفے سے پتہ چلتا ہے کہ پیپلز پارٹی کے لیڈروں کا باہمی اختلاف بڑھ گیا ہے جس کی نوعیت نظریاتی ہے اور اس کے ساتھ یہ شخصیتوں کا تصادم بھی ہے۔

ملک کو بھارتی اثرات سے نجات دلانے کیلئے مہم چلاؤ بھاشانی کی اپیل

مجیب حکومت بنگلہ دیش کو سامراجیوں کے سپرد کرنے کی سازش کر رہی ہے

میں بھارتی توسیع پسندی اور روس کے سوشل سامراج کا سب سے بڑا دشمن ہوں


کھلنا۔ [illegible]



سری لنکا کی مجریہ کے سربراہ کوڈو ودو کی اہلیہ مسز مجو کو تیج اپنے گھر واقع پنڈی میں پاک آرمی کے چیف آف اسٹاف جنرل ٹکا خان سے بات چیت کر رہے ہیں

مجیب حکومت [illegible] کے سپرد کرنے کی سازش کر رہی ہے۔

کیپٹن محمد جاوید اختر ستارۂ جرأت کلکتہ میں شہادت پا گئے



ڈل پی۔ کیپٹن محمد جاوید اختر جنہیں کشتیا کے محاذ پر گزشتہ سال دسمبر میں ستارۂ جرأت ملا تھا غالباً نارا کی کیمپ میں فائرنگ کے دوران زخمی ہو گئے اور بعد میں کلکتہ کے ہسپتال میں شہادت پا گئے۔ ان کی شہادت کی اطلاع ۱۲ ستمبر کو ملی۔ شہید کا آخری خط ۹ مارچ کو موصول ہوا تھا جس میں انہوں نے اپنی خیریت کی اطلاع دی تھی جنرل ٹکا خان نے گوجرہ ضلع لائلپور میں مقیم شہید کے والد کے نام تعزیتی پیغام میں کہا ہے کہ اس نوجوان سپاہی کیپٹن جاوید اختر کی شہادت سے پاکستانی فوج کو دھچکا اور مجھے بہت صدمہ پہنچا ہے جاوید شہید نے اپنے خون سے پاکستان کی عظمت کو دوبالا کیا ہے انہوں نے انتہائی بہادری اور فرض شناسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کی راہ میں زندگی جیسی قیمتی چیز قربان کرنے سے بھی دریغ نہیں کیا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اے ایمان والو! جانتے بوجھتے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ خیانت نہ کرو اور اپنی امانتوں میں غداری کے مرتکب نہ ہو۔

سحر قریب ہے شاید میرے وطن کے لئے
کہی ہے کس نے اذاں لا الٰہ الا اللہ

سازش ــ فکری انتشار کی ایک کوشش

اگر یہ کہا جائے کہ بیسویں صدی میں سازشوں کے گڑھ کے طور پر پاکستان "کو امتیازی حیثیت حاصل ہے۔ تو بے جا نہ ہوگا۔ اس دعوے کے ثبوت میں۔ پاکستان کے ڈیلی اخبارات اور رسائل و جرائد کا حوالہ دیا جا سکتا ہے جن کا مطالعہ کرتے ہوئے قاری ہر سطر میں لفظ "سازش" بہ آسانی پڑھ سکتا ہے اگر کسی فیکٹری میں مزدور ہڑتال پہ چلے گئے۔ تو ایک مخصوص سیاسی مکتبِ فکر سے متعلقہ سیاسی قائدین نے بغیر حقائق کا جائزہ لئے اسے ایک سازش قرار دیا۔ اور اس سے برعکس مکتبِ فکر کے قائدین نے جواباً اس بیان کو ایک سازش قرار دیا۔ غرض لفظ "سازش" پاکستان کی سیاسی زندگی میں یوں جزو لاینفک بن گیا ہے جیسے شخصی آزادی جمہوریت میں

آج کل پاکستان ایک نئی "سازش" کا شکار ہے۔ اس نئی سازش کو لندن پلان سازش کا نام دیا گیا ہے۔ اور اس میں پاکستان کی خاصی بااثر اور نامور سیاسی شخصیتوں کے نام آتے ہیں۔ جن میں ولی خان۔ یوسف ہارون اور ملک غلام جیلانی سرِ فہرست قرار دیئے جاتے ہیں۔ اس سازش کی زبان یوں ہے۔ یہ سیاسی زعما جو روایت کے مطابق علاجِ مرض کی غرض سے لندن جمع ہوئے۔

انہوں نے شیخ مجیب سے جو ان دنوں لندن میں زیرِ علاج تھے۔ ملاقاتیں کیں۔ اور نئے پاکستان کے خاتمے کیلئے۔ ایک سازش تیار کی۔ جس کے تحت صدر بھٹو کو اقتدار سے محروم کرنا۔ پاکستان کے سب سے بڑے صوبے پنجاب جس کی آبادی پاکستان کی آبادی کا ۶۰ فیصد ہے۔ اور جو آج تک چھوٹے صوبوں کا استحصال کرتا رہا ہے۔ علیحدہ تنہا چھوڑ دیا جانا ــــ اور بقیہ تین صوبوں سندھ، سرحد اور بلوچستان کا بنگلہ دیش سے کنفیڈریشن بنایا جانا طے پایا۔

خدا جانے پاکستان میں اس سازش کا انکشاف کن ذرائع سے ہوا۔ لیکن اخبارات اور رسائل و جرائد اسکے تذکرہ سے سیاہ پڑ گئے۔ اور ریڈیو ٹی وی پر اس کا واویلا سنتے ہوئے قادرتاً لوگوں کے کان پک گئے ــ پیپلز پارٹی اور قیوم لیگ کے زعما نے لندن میں مقیم ان سازشیوں کے خلاف دھڑا دھڑ بیانات داغے ــــ جواباً ــــ فرداً فرداً ولی خان۔ یوسف ہارون اور ملک غلام جیلانی اور ان کے حواریوں نے بیانات ارسال فرمائے ــ کہ حکمران ٹولہ نے "لندن پلان سازش" گڑھ کر ہمارے غیر سازشی کردار کو عوام کے سامنے سازش ظاہر کرنیکی شرمناک سازش کی ہے۔

لفظ سازش کے اس وسیع پیمانے پر استعمال اور سازش در سازش کے انکشافات اور جواب در جواب سازش کی تکرار سے اخبارات جو سیاہ ہوئے سو ہوئے۔ لیکن بے چارے بھولے بھالے عوام ــــ کے خون ظلم اور دکھ سے مزید سیاہ ہو گئے۔ اور وہ ذہنی افراتفری کے عالم میں کیونکر فیصلہ کر سکتے ہیں۔ کہ بیک وقت ہونے والی ان گنت سازشوں میں کون سی سازش سچ ہے۔ اور کیسے وہ جھوٹ جان کر رد کر دیں!

جس جوش و خروش اور وسیع پیمانے پر اس سازش کی مہم اخبارات اور ریڈیو پر شروع ہوئی تھی۔ اسی تیزی کیساتھ خود بخود ختم ہونا شروع ہو گئی۔ خود صدر بھٹو نے ایوان صنعت و تجارت کیطرف سے دیئے گئے ایک عشائیہ میں اپنے خطاب کے دوران فرمایا۔

"میں ان سیاسی قائدین کے لندن میں اجتماع سے واقف ہوں۔ لیکن میں نہیں سمجھتا۔ کہ وہ کسی "لندن پلان سازش" میں ملوث ہو رہے ہیں۔ اگر واقعتاً حقیقت یہ ہے۔ تو پھر سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ آخر اس نام نہاد سازش کے اس عالمگیر پیمانے پر نشر و اشاعت کے کیا معنی ہوئے؟

صدر بھٹو کرسی صدارت پر بیٹھنے کے کچھ ہی دیر بعد از دو ایشیائی ممالک کے دورے پر رخصت ہوئے۔ تو ان کی عدم موجودگی میں کراچی کی بیشتر فیکٹریوں اور کارخانوں کے مزدور اپنے حقوق کی جدوجہد میں ہڑتال پہ چلے گئے۔ انہوں نے "روٹی کپڑا مکان" کے نعرے کی صداقت کو بھی للکارا! اس جرم کی پاداش میں ہڑتالی مزدوروں پر وحشیانہ طور پر گولی چلائی گئی۔ تیس مزدور ہلاک ہوئے۔ اور حقیقت کی داستان اپنے خون سے لکھ گئے۔ سارے پاکستان میں مزدور طبقہ یک مشت ہوا۔ اور اس قوت سے خوفزدہ ذہنوں نے سانحہ کراچی کو بھی ایک سازش کا نتیجہ قرار دیا ــــ جس کا مقصد صدر بھٹو کی حکومت کو کمزور کرنا تھا ــ جب مزدور قوت منتشر ہوتی ہوئی نظر آئی ــــ تو اپنے جلوس عام قتل و غارت لئے ہوئے سندھ میں لسانی سازش جلوہ افروز ہوئی سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر کیا وجہ ہے کہ جب بھی استحصال کے مارے مزدور اور کسان جو پاکستان کی قریباً 95 فیصد آبادی ہیں۔ اپنے حقوق کی جدوجہد میں لسانی و علاقائی امتیازات سے مبرا ہو کر کوئی تحریک شروع کرتے ہیں۔ اسی لمحے کوئی گھناؤنی سازش جنم لیتی ہے ــــ؟

یہ کوئی نئی بات نہیں۔ پاکستان کے قیام سے ہی یہ کھیل کھیلا جاتا رہا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ پاکستان میں ہونے والی دیگر سازشوں کی طرح یہ حالیہ "لندن پلان سازش" بھی کسی فردِ واحد کے خلاف یا سیاسی جماعت کو بدنام کرنے کی سازش نہیں ــــ وہاں نہ تو یہ سازش کی جا رہی ہے۔ کہ صدر بھٹو سے لگام اقتدار چھین لی جائے۔ اور نہ ہی ولی خان کے غیر سازشی کردار کو سازشی ظاہر کرنے کی سازش کی جا رہی ہے۔ جو یہ تو کہتے ہیں۔ کہ وہ پاکستان کیلئے خون کا آخری قطرہ تک بہا دیں گے۔ لیکن کبھی کھل کر بھارت کے جارحانہ اقدام کی مذمت نہ کر سکے بلکہ اصل حقیقت یہ ہے کہ ان تمام سازشوں کا نشانہ عوام اور صرف عوام ہیں۔ پاکستان میں تمام رجعت پسند قوتیں خواہ وہ بظاہر ایک دوسرے سے متصادم ہیں کسی بھی طرح اپنی اور اقتصادی سجاوٹ کو برقرار رکھنا چاہتی ہیں۔ اس مقصد کیلئے سازشوں کے بھوت کھڑے کر کے پاکستان کے اصل مالک ــ مزدور اور کسان قوتوں کو فکری انتشار میں مبتلا رکھنا ضروری ہے۔ لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں۔ کہ عوامی جدوجہد کو دبانے کی غرض سے اور عوامی توجہ اصل مسائل سے ہٹانے کی سوچی سمجھی سازش کے تحت یہ نت نئی سازشوں کے قصے گھڑے جاتے ہیں

تاریخ کے اس نازک موڑ پر ہم پر عظیم ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ اتنے تلخ واقعات و تجربات کے بعد کم از کم ہمیں خوابِ غفلت سے بیدار ہو جانا چاہیے ہمیں اب ان سیاسی شطرنج بازوں کی چالوں کی خوب سمجھ ہونی چاہیے ــ اور ان کی سیاسی اور اقتصادی سجاوٹ کو ختم کرنے کیلئے علاقائی و لسانی امتیازات سے بے پرواہ ایک متحدہ پلیٹ فارم پر جمع ہونا چاہیے ــ کتنے دکھ کی بات ہے کہ ہم آج! استحصالی طبقہ سیاست کو اپنے مسائل کا حل سمجھتے رہے ہیں۔

عظمت فیروز، ٹورنٹو۔

● احتجاجی مظاہرہ ●●●

پاکستانی قیدیوں پر بھارتی ظلم کے خلاف بروز ہفتہ ۲۱ اکتوبر کو ایک احتجاجی مظاہرہ ٹورنٹو سٹی ہال کے سامنے ایک بجے دوپہر کیا جائیگا۔

تمام پاکستانیوں سے شمولیت کی درخواست کی جاتی ہے۔ ضرور تشریف لائیں۔

★ اپنے مجاہدین کو مت بھولئے۔ ★

ہر اتوار کی شب ۸ بجے سے ۸½ بجے تک آپ کا اپنا پروگرام "میرا پاکستان" CHIN FM 101 سے پیش کیا جاتا ہے۔ سننا نہ بھولئے گا۔

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو
کینیڈا
۱۵ اکتوبر ۱۹۷۲
جلد ۱ - نمبر ۱۲
۱۵ سینٹ

مستقل آئین آئندہ سال ۲۳ مارچ یا ۲۱ اپریل کو نافذ کر دیا جائے گا۔ صدر بھٹو کا اعلان

پاکستان کشمیریوں کے حق خود ارادیت سے دستبردار نہیں ہوگا کنٹرول لائن بین الاقوامی سرحد نہیں ہے

بنگلہ دیش کے مسئلہ پر میں عوام کی مرضی کے بغیر کچھ نہیں کروں گا۔

مزدور ملک کو خوشحال بنانے کے لئے سخت محنت کریں۔ صدر کی تقریر

لاہور (اپ پ) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ پاکستان کشمیری عوام کے حق خود اختیاری کے بارے میں اپنے موقف سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے گا۔ معاہدہ شملہ میں بھی ہم نے اپنے موقف میں تبدیلی نہیں کی ہے۔ آج یہاں باغ جناح میں پیپلز پارٹی کے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ معاہدہ شملہ میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ پاکستان اور بھارت کشمیر کے بارے میں اپنا موقف تبدیل نہیں کریں گے۔

صدر بھٹو نے کہا کہ لائن آف کنٹرول کو بین الاقوامی سرحد نہیں سمجھا جائے گا۔ پاکستان کی سرحد صرف بین الاقوامی سرحد ہی ہے، جو لوگ معاہدہ شملہ کی مخالفت کر رہے ہیں ان کی باتوں میں کوئی وزن نہیں ہے۔ قومی اسمبلی معاہدہ شملہ کی منظوری دے چکی ہے۔ میں نے کسی خفیہ سمجھوتے پر دستخط نہیں کئے معاہدہ شملہ کی ہر شق سے عوام باخبر ہیں۔ صدر بھٹو نے کہا کہ میں نے عوام کی مرضی کے بغیر کبھی کوئی کام نہیں کیا اگر عوام معاہدہ شملہ کو مسترد کر دیتے تو اسے منسوخ کر دیا جاتا۔ لیکن قومی اسمبلی کی طرف سے اس کی منظوری مل چکی ہے اور اسے عوام کی حمایت حاصل ہے جہاں تک بنگلہ دیش کے مسئلہ کا تعلق ہے اس بارے میں عوام کی رائے اور نقطہ نظر معلوم کیا جائے گا۔ میں عوام کی مرضی کے مطابق ہی کوئی کارروائی کروں گا۔ میں پارٹی کے کارکنوں کے اجلاس میں بنگلہ دیش کا مسئلہ نہیں چھیڑوں گا بلکہ اس بارے میں کسی بڑے عام جلسے میں بات کروں گا۔ صدر بھٹو نے پیپلز پارٹی کے کارکنوں کو سخت محنت کرنے کا مشورہ دیا تاکہ پاکستان کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کیا جاسکے۔ انہوں نے کارکنوں سے کہا کہ آپ کو ہر شخص کا نقطۂ نظر سننا چاہیے کیونکہ قوت برداشت جمہوریت کی روح ہے عوام کو آزادانہ طریقے سے سوچنا چاہیے تاکہ وہ صحیح فیصلے کر سکیں۔ ہر شخص کو اظہار رائے کی آزادی حاصل ہے۔

پاکستان میں صدارتی اور برطانوی طرز کا پارلیمانی نظام ناکام ہو چکا ہے

اپوزیشن دوست ملکوں پر نکتہ چینی بند کر دے۔ لاہور میں پیپلز پارٹی کے کارکنوں سے صدر کا خطاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے اعلان کیا ہے کہ ملک کا مستقل آئین وفاقی پارلیمانی طرز پر ہوگا اور اس میں صوبوں کو زیادہ سے زیادہ خود مختاری دی جائے گی۔ لیکن چار صوبوں کی کنفیڈریشن کے تصور کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے داخلی استحکام، اقتصادی ترقی اور بین الاقوامی وقار کے پیش نظر مرکز کو مفلوج نہیں رکھا جائے گا۔ مرکزی حکومت کے اختیارات اور صوبائی خود مختاری میں توازن قائم رکھنا اشد ضروری ہے۔

صدر بھٹو نے ان خیالات کا اظہار آج یہاں گلستان فاطمہ میں پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے اقتصادی، آئینی، سیاسی، ملکی اور عالمی مسائل پر تبصرہ کرتے ہوئے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ متحد ہو کر ملک کی ترقی و خوشحالی اور استحکام کے لئے جدوجہد کریں۔ جلسہ میں گورنر مصطفیٰ کھر، وزیر اعلیٰ ملک معراج خالد، صوبائی وزراء اور قومی و صوبائی اسمبلی کے ارکان کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ صدر بھٹو نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی حکومت اپنے جماعتی منشور پر کما حقہٗ عمل کرے گی۔ تاہم منشور ایک ہی دن میں تو نافذ العمل نہیں ہو سکتا۔ ہم نے انتہائی نامساعد حالات میں حکومت کی باگ ڈور سنبھالی تھی۔ اس وقت پاکستان کی کشتی ڈانواں ڈول تھی۔ اس کے باوجود ہم نے آٹھ ماہ کی مختصر ترین مدت میں ہر شعبہ میں اصلاحات نافذ کی ہیں۔ اقتصادی ترقی کے لئے مثبت اقدامات کئے گئے ہیں اگر ہماری حکومت کو مہلت ملی تو پاکستان دنیا کا ایک طاقتور مستحکم خوشحال اور شاندار ملک بن جائے گا پیپلز پارٹی جمہوریت کی داعی ہے۔ ہم نے آمریت کے خلاف جدوجہد میں بڑی قربانیاں دی ہیں۔

قصوری موقع دیتے تو میں گورنر کھر سے ان کی مصالحت کرا دیتا

میاں صاحب نے استعفا شائع کرا کے صحتمند روایت قائم نہیں کی۔ صدر بھٹو

لاہور (نمائندہ خصوصی) صدر بھٹو نے آج میاں محمود علی قصوری کے استعفے پر تبصرہ کرتے ہوئے افسوس ظاہر کیا کہ انہوں نے اپنے استعفے کی تفصیلات اور اپنے خطوط کی نقلیں اخبارات میں شائع کرا کے صحت مند روایت قائم نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے شروع میں میاں صاحب کا استعفیٰ اس لئے منظور نہیں کیا تھا کہ اس سے مستقل آئین کی تیاری میں تاخیر کا خدشہ تھا کیونکہ میں آئین کے نفاذ میں ایک منٹ کی تاخیر بھی پسند نہیں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ گورنر پنجاب کا بیان اگرچہ میرے نزدیک مستحسن نہ تھا مگر میرا خیال تھا کہ قصوری صاحب اور گورنر کے درمیان مصالحت کرا دوں گا لیکن قصوری صاحب نے مجھے اس کا موقع ہی نہ دیا۔

صدر بھٹو نے کہا کہ میری خواہش تھی کہ آئین سازی کا کام میاں صاحب کے ہاتھوں انجام پائے تاکہ تاریخ میں ان کا نام رہے لیکن میاں صاحب نے الگ ہونے پر اصرار کیا صدر نے کہا کہ ملک و قوم کا کاروبار افراد کا رہین منت نہیں ہوتا۔ مستقل آئین اب بھی تیار ہوگا اور مجوزہ پروگرام کے مطابق ۲۳ مارچ یا ۲۱ اپریل ۷۳ء کو نافذ ہوگا۔ آئین کی بنیاد وفاقی پارلیمانی طرز حکومت پر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ گورنر کھر کا بیان مجھے پسند نہیں آیا۔ اور یہ بات میں ان کے منہ پر بھی کہتا ہوں۔ کارکنوں کو یہ حقیقت سمجھ لینی چاہیے کہ مصطفیٰ کھر میرے پرانے ساتھی ہیں زندگی کے ہر مرحلہ پر میرے ساتھ رہے ملتان میں پستولوں اور تلواروں کے ذریعے جب مجھ پر حملہ کیا گیا تو اس وقت بھی کھر میرے ساتھ تھے صادق آباد میں حملہ ہوا تو کھر میرے ساتھ تھے۔ سانگھڑ میں جب گولی چلی تو کھر میرے ساتھ تھے اس طرح جب بھی حملہ ہوا تو انہوں نے اسے اپنی ذات پر سہا۔ وہ نوجوان ہیں انہوں نے جذباتی انداز میں میاں صاحب کے استعفے پر تبصرہ کر دیا۔

ایس ایم ظفر یا قائم علی شاہ

نئے وزیر قانون کے بارے میں قیاس آرائی

کراچی (حفیظ صدیقی) اشاعت مرکزی مرکزی وزیر قانون میاں محمود علی قصوری کے استعفے کے بعد مرکزی کابینہ میں اہم رد و بدل یقینی ہے باخبر ذرائع کی اطلاع کے مطابق کابینہ میں رد و بدل کا فیصلہ صدر بھٹو کے راولپنڈی پہنچنے کے فوراً بعد کر لیا جائے گا۔ ان ذرائع کا کہنا ہے کہ مسٹر ایس ایم ظفر کو مرکز میں وزیر قانون بنایا جائے گا اس سلسلہ میں ان کی صدر بھٹو سے ملاقات بھی ہو چکی ہے۔ بعض دوسرے ذرائع کا کہنا ہے کہ سندھ کے وزیر قانون سید قائم علی شاہ کو مرکز میں وزیر قانون بنایا جائے گا اور ان کی جگہ سندھ میں غلام نبی میمن کے وزیر قانون بننے کا امکان ہے۔ ان ذرائع کا کہنا ہے کہ صوبہ سندھ کی کابینہ میں بھی رد و بدل کے امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

حنیف رامے مرکزی وزیر خزانہ ہونگے

لاہور (نمائندہ جنگ) معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ پنجاب کے وزیر خزانہ مسٹر محمد حنیف رامے کو صوبائی کابینہ سے سبکدوش کر کے مرکزی کابینہ میں شامل کیا جا رہا ہے خیال ہے کہ انہیں مرکز میں بھی وزارت خزانہ کا قلمدان سونپا جائے گا۔

تزکیۂ نفس کے بغیر شمشیر کی قوت سے بھی اسلامی نظام نافذ نہیں ہو سکتا۔ پروفیسر غلام اعظم

اسلام کی دعوت عام لوگوں تک پہنچایئے۔ اسلامی جمعیت طلبہ کی کانفرنس سے خطاب

ڈاکٹر اطہر قریشی، سردار رب نواز، حسن علی شاہ اور منور حسن کی تقاریر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی مشرقی پاکستان کے امیر پروفیسر غلام اعظم نے کہا ہے کہ اسلامی انقلاب برپا کرنے کے لئے تزکیۂ نفس بنیادی شرط ہے اس کے بغیر شمشیر کی قوت سے بھی اسلامی نظام قائم نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپ مجھے یقین دلا دیں کہ ملک کے ایک ایک شہری تک اسلام کی دعوت کا حق پہنچا دیا گیا ہے تو میں آج اسلامی انقلاب کے لئے شمشیر اٹھانے کو تیار ہوں۔ وہ آج صبح عیدگاہ میدان ناظم آباد میں اسلامی جمعیت طلبہ کی ۲۱ ویں سالانہ کانفرنس کے دوسرے روز ملک کے گوشے گوشے سے آئے ہوئے طلبہ سے خطاب کر رہے تھے۔ چار روزہ سالانہ کانفرنس میں ہزاروں طلباء حصہ لے رہے ہیں۔ پروگرام کے مطابق آج صبح نماز فجر کی باجماعت ادائیگی کے بعد ڈاکٹر اطہر قریشی نے اسلامی انقلاب کا داعیہ رکھنے والے نوجوانوں کو درس قرآن دیا اور جمعیت کے سابق ناظم اعلیٰ سید منور حسن نے اجتماعی زندگی میں صبر و صلوٰۃ کی اہمیت پر خطاب کیا۔ شام ساڑھے پانچ بجے تک اجلاس جاری رہا۔ اس دوران دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ حسن علی شاہ گیلانی نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریق انقلاب پر تقریر کی۔ اور رات کے اجلاس میں بھی پروفیسر غلام اعظم نے تقریر کی انہوں نے کہا کہ تحریک اسلامی کے ہر کارکن کا فرض ہے کہ وہ عام آدمیوں تک اسلام کی دعوت پہنچائے۔ اسے اسلامی نظام کی خوبیوں سے آگاہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ نے بھی تیرہ سال تک صرف تبلیغ کے ذریعہ لوگوں تک اسلام کی دعوت پہنچائی اور جب وہ ایک ایک فرد تک حق کی بات پہنچا چکے تو اس کے بعد آپ نے شمشیر اٹھائی۔ انہوں نے کہا کہ ہم کو بھی اسی طریقے سے اسلام کا پیغام ہر پاکستانی تک پہنچانے کے لئے کام کرنا ہے۔

بھارتی صوبہ مدھیہ پردیش میں پاکستانی جنگی قیدیوں کے ایک کیمپ میں فساد

ریڈکراس کی بین الاقوامی کمیٹی کیمپ کا معائنہ کریگی

واقعہ کی عدالتی تحقیقات کی جائے گی، بھارت کا اعلان

نئی دہلی (اے پی، رائٹر) آج بھارتی فوج کی فائرنگ سے ۱۴ پاکستانی جنگی قیدی شہید اور ۱۸ زخمی ہوئے۔ یہاں سرکاری حکام نے بتایا ہے کہ بھارتی صوبہ مدھیہ پردیش میں پاکستانی جنگی قیدیوں کے کیمپ میں آج فساد کے دوران ۱۴ پاکستانی جنگی قیدی شہید اور کم از کم دوسرے ۱۷ پاکستانی زخمی ہوئے بھارتی حکام نے الزام لگایا ہے کہ پاکستانی قیدیوں کے ایک گروہ نے مسلح بھارتی پولیس پر حملہ کیا تھا جس کے بعد کیمپ کے بھارتی محافظوں نے گولی چلا دی۔ پاکستانی قیدیوں پر الزام لگایا گیا ہے کہ انہوں نے پولیس کے ایک سپاہی کی سنگین چھین لی تھی۔ انہوں نے کیمپ کے کمانڈنٹ اور دوسرے بھارتی نوجوانوں کو زخمی کر دیا۔

آل انڈیا ریڈیو: آل انڈیا ریڈیو کے مطابق بھارتی صوبہ مدھیہ پردیش میں جنگی قیدیوں کے ایک کیمپ میں محافظوں کی فائرنگ سے ۱۴ پاکستانی قیدی ہلاک اور ۱۸ دیگر زخمی ہو گئے۔ ریڈیو نے بتایا ہے کہ جنگی قیدیوں کے ایک گروہ نے کیمپ کے ڈپٹی کمانڈنٹ اور ایک دوسرے افسر پر حملہ کر دیا جس سے وہ شدید زخمی ہو گئے قیدیوں پر قابو پانے کے لئے کیمپ کے محافظوں نے گولی چلا دی جس سے ۱۴ قیدی ہلاک اور ۱۸ زخمی ہو گئے مدھیہ پردیش کے گورنر نے آج شام کیمپ کا معائنہ کیا اس واقعہ کی عدالتی تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے۔ ریڈکراس کی بین الاقوامی کمیٹی کو کیمپ کا معائنہ کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔ ادھر اے پی پی نے یہ خبر نشر کرتے ہوئے کہا کہ مارچ کے مہینے میں بھی شمالی بھارت میں پاکستانی جنگی قیدیوں کے ایک کیمپ میں ایسا ہی ہنگامہ ہوا تھا جس میں ۱۲ پاکستانی جنگی قیدی شہید ہوئے تھے۔

اسلام آباد (اے پی پی) اطلاع کے مطابق بھارتی صوبہ مدھیہ پردیش میں پاکستانی جنگی قیدیوں کے کیمپ میں فائرنگ کے واقعہ پر اسلام آباد میں اگرچہ کوئی سرکاری تبصرہ نہیں کیا گیا ہے لیکن یہ بات عام طور پر محسوس کی جا رہی ہے کہ فائرنگ کا یہ واقعہ جنیوا کنونشن کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بھارت کی جانب سے جنگی قیدیوں کو مسلسل نظر بند رکھنے کا نتیجہ ہے اس واقعہ سے ایک مرتبہ پھر ظاہر ہو گیا کہ بھارتی کیمپوں میں پاکستانی جنگی قیدیوں کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا جا رہا ہے۔ اس سے پیشتر ریڈکراس کی بین الاقوامی کمیٹی نے بھارت کے اس دعویٰ کی قلعی کھول دی تھی کہ پاکستانی قیدیوں کے ساتھ اچھا سلوک کیا جا رہا ہے۔

مجیب دستبردار ہو رہے ہیں

اب تاج الدین احمد اور نذر الاسلام میں مقابلہ ہوگا

لندن (ریڈیو رپورٹ) اخبار گارجین نے ڈھاکہ میں مقیم اپنے نمائندے کے حوالے سے بتایا ہے کہ بنگلہ دیش میں زندگی کے تمام شعبوں میں پائی جانے والی بے چینی میں شیخ مجیب الرحمن ضرورت سے زیادہ ملوث ہیں۔ مراسلے میں کہا گیا کہ شیخ مجیب الرحمن آئندہ موسم بہار کے انتخابات سے قبل قیادت سے کنارہ کش ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں اور وہ پس منظر میں رہ کر رہنمائی کریں گے۔

بنگلہ دیش کے وزیر اعظم کے عہدہ کے لئے تاج الدین احمد اور سید نذر الاسلام میں مقابلہ ہوگا مراسلے میں کہا گیا ہے کہ تاج الدین احمد اور سید نذر الاسلام میں سخت مقابلہ کا امکان ہے۔ اور اگر دونوں کی رقابت حد سے بڑھ گئی تو شیخ مجیب کے لئے ایک اور مسئلہ پیدا ہو جائیگا اور قیادت سے دستبردار ہونے کا ان کا منصوبہ شرمندۂ تکمیل نہ ہو سکے گا۔

عوامی لیگ سے ۳۲ ارکان اسمبلی کا اخراج

بر طرف شدہ ارکان اسمبلی کی نشستوں سے بھی محروم ہو گئے

ڈھاکہ (ریڈیو رپورٹ) بنگلہ دیش کے وزیر اعظم شیخ مجیب الرحمن نے حکمران عوامی لیگ سے ۳۲ ارکان کو پارٹی سے نکال دیا ہے اس طرح یہ ارکان مجلس دستور ساز میں اپنی نشستوں سے بھی محروم ہو جائیں گے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ اقدام پارٹی میں بدعنوان عناصر کو تطہیر کرنے کے لئے کیا گیا ہے شیخ مجیب نے ملک میں بلیک مارکیٹنگ اور دوسری بدعنوانیوں کے خاتمے کے لئے بعض دوسرے اقدامات کا بھی اعلان کیا ہے۔